**19.06.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ بھارت نے مغربی ایشیا میں لڑائی میں تیزی آنے کے تناظر میں ایران میں پھنسے ہوئے اپنے شہریوں کو وہاں سے باہر لانے کے منصوبے کو وسعت دی ہے۔ 350 سے زیادہ بھارتی شہریوں نے وہاں سے باہر نکالے جانے کی درخواست کی ہے۔

☆ جنوبی اسرائیل کے بڑے اسپتال پر ایران نے میزائل حملہ کیا ہے۔ درجنوں افراد زخمی ہوئے ہیں۔ اسرائیل کے وزیرِ اعظم بن یامن نیتن یاہو نے فوج کو حکم دیا ہے کہ ایران میں کلیدی ٹھکانوں پر حملے تیز کئے جائیں۔

☆ بھارت اور کروشیا نے مشترکہ تربیت ، فوجی تبادلے اور صنعتی سطح پر ساجھیداری سمیت طویل مدتی دفاعی اشتراک کا منصوبہ تیار کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

☆ QS ورلڈ یونیورسٹی درجہ بندی میں بھارت کے 54 اداروں کو شامل کیا گیا ہے اور IIT دلّی ، ملک کے اوّل درجے کے ادارے کے طور پر ابھرا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے جھارکھنڈ، اڈیشہ اور مغربی بنگال میں بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور اسکواش میں، ملیشیا میں:Velavan Senthilkumar ایشیائی چمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**IRAN-EVACUATION MoS**

سرکار ، ایران سے بھارتی شہریوں کی بحفاظت واپسی کو یقینی بنانے کیلئے بھرپور کوشش کررہی ہے اور بھارتی مشن کے ارکان کو لے کر ایک اور پرواز آج پہنچنے کی امید ہے۔ اِس سے قبل شمالی ایران سے بھارت کے ، جن 110 طلباء کو باہر لایا گیا تھا، وہ نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔

اِدھر امورِ خارجہ کے وزیرِ مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ سرکار کو

ایران میں بھارتی شہریوں کی 350 سے زیادہ درخواستیں موصول ہوئی ہیں، جو وہاں سے باہر نکلنا چاہتے ہیں۔

**DEFENCE SECY ISRAEL DG**

دفاع کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ نے، اسرائیل کی وزارتِ دفاع کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل Amir Baram کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ دونوں لیڈروں نے مغربی ایشیاء کے موجودہ حالات پر تبادلہٗ خیال کیا۔ دونوں لیڈروں کے درمیان یہ بات چیت اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران ہوئی ہے۔ گزشتہ جمعہ کو وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی خطّے کے حالات کے بارے میں اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو سے بات کی تھی۔ اس بات چیت کے دوران وزیرِاعظم نے موجودہ حالات پر بھارت کی جانب سے تشویش کا اظہار کیا تھا اور خطے میں امن اور استحکام کی جلد از جلد بحالی کی فوری ضرورت پر زور دیا تھا۔×

**ARAK NUCLEAR**

اسرائیل نے ایران کے جزوی طور پر تیار Heavy-Water ریسرچ ری ایکٹر سمیت ایران کے Arak میں Khondab ایٹمی ری ایکٹر پر حملہ کیا ہے۔ Heavy-Water ری ایکٹرس سے ایٹمی پھیلاؤ کا خطرہ لاحق ہوتا ہے کیونکہ یہ ری ایکٹرس آسانی کے ساتھ Plutonium تیار کرسکتے ہیں اور اِس کا استعمال ایک ایٹم بم کا بنیادی جزو بنانے میں کیا جاسکتا ہے۔ ایران کے ذرائع ابلاغ کے مطابق مذکورہ مقام کے نزدیک دو Projectiles آکر گرے ہیں۔ x

**IRAN-ISRAEL**

ایران نے آج صبح سویرے جنوبی اسرائیل کے ایک بڑے اسپتال پر میزائل داغا، جس سے کافی نقصان ہوا اور کئی لوگ زخمی ہوگئے۔ اسرائیل اور ایران کے درمیان لڑائی میں تیزی آگئی ہے اور ایٹمی تنصیبات نیز سویلین بنیادی ڈھانچے پر پھر سے حملے کئے گئے ہیں۔ Soroka اسپتال پر اِس حملے سے سویلین میڈیکل سہولیات کو نشانہ بنانے کی کارروائی میں تیزی آگئی ہے۔ اسرائیل کے میڈیا نے اسپتال کی کھڑکیاں ٹوٹنے اور وہاں سے کالا دھواں نکلنے کی تصویریں جاری کی ہیں۔
ایران کے اِس جوابی حملے سے قبل اسرائیل نے رات میں ایران کے Natanz ایٹمی مرکز پر حملہ کیا تھا، جس کے بارے میں اسرائیلی فوج یہ دعویٰ کرتی ہے کہ وہاں ایٹمی ہتھیار بنانے کے کام آنے والے آلات اور ساز و سامان رکھا ہوا ہے۔ اسرائیل کے وزیرِ اعظم بن یامن نیتن یاہو نے اسپتال پر حملے کے بعد ایران کے خلاف انتقامی کارروائی کرنے کا عہد کیا ہے۔ اسرائیل کے وزیرِ دفاع نے بتایا ہے کہ اسرائیلی فوج کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ایران میں اہم ٹھکانوں کے خلاف اپنے حملے تیز کردے۔ x

**UN ON ISRAEL-IRAN**

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio Guterres نے اسرائیل اور ایران کے درمیان لڑائی کے تناظر میں فوری طور سے کشیدگی کم کئے جانے اور جنگ بندی کی اپنی اپیل دوہرائی ہے۔ موجودہ لڑائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے جناب Guterres نے یہ اپیل کی کہ اِس محاذ آرائی کو مزید بین الاقوامی رنگ دیئے جانے سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی طرح کی اضافی فوجی مداخلت سے پورے خطے اور بڑی حد تک بین الاقوامی امن وسلامتی کیلئے سنگین مضمرات پیدا ہوسکتے ہیں۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل نے عام شہریوں کی اموات ہونے کی مذمت کی اور اس بات پر زور دیا کہ سفارتکاری ہی بہترین آگے بڑھنے کا راستہ ہے۔×

**PUTIN-ISRAEL**

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے اسرائیل اور ایران کے درمیان لڑائی ختم کرانے کیلئے ثالثی کی پیشکش کی ہے۔ سینٹ پیٹرز برگ بین الاقوامی اقتصادی فورم کے موقع پر گول میز اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے جناب پوتن نے تجویز کیا کہ روس ایک ایسے تصفیئے میں مدد کرسکتا ہے کہ جس کے ذریعہ اسرائیل کی سکیورٹی تشویش کو دور کرتے ہوئے ایران کو پُرامن ایٹمی پروگرام پر عمل کرنے دیا جائے۔×

**PM-CROATIA VISIT**

بھارت اور کروشیا نے عالمی امن، جمہوری اقدار اور اشتراک کو وسعت دینے کے اپنے مشترکہ عہد کو اجاگر کیا ہے۔ دونوں ملکوں نے مختلف شعبوں میں چار مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔ اِن میں زراعت، ثقافتی تبادلے، سائنس ، ٹیکنالوجی اور زغریب میں ICCR کا ہندی شعبہ قائم کرنے سے متعلق اقرار نامے شامل ہیں۔ دونوں ملکوں نے مشترکہ تربیت ، فوجی تبادلوں اور صنعت کی سطح پر ساجھیداری کو شامل کرنے کیلئے طویل مدتی دفاعی اشتراک کا منصوبہ تیار کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے زغریب میں کروشیا کے اپنے ہم منصب Andrey Plenkovich کے ساتھ مختلف موضوعات پر بات چیت کی ، جس میں دونوں ملکوں کے وفود بھی شامل ہوئے۔ جناب مودی کروشیا ، کناڈا اور قبرص کا اپنا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد نئی دلّی واپس آرہے ہیں۔

جناب مودی اور کروشیا کے اُن کے ہم منصب نے باہمی تجارت کو وسعت دینے اور مضبوط اور قابلِ بھروسہ سپلائی نظام قائم کرنے سے اتفاق کیا۔ جن شعبوں میں اشتراک بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اُن میں دوا سازی، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ماحولیات کیلئے ساز گار ڈجیٹل ٹیکنالوجی ، قابلِ تجدید توانائی اور سیمی کنڈکٹر کے شعبے شامل ہیں۔ جناب مودی نے جہاز رانی ، سائبر سکیورٹی اور دفاع کے شعبوں میں بڑھتے ہوئے اشتراک کو بھی اجاگر کیا۔ **SB - PM**

میٹنگ کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے تنازعات کے پُرامن تصفیے کی پُرزور انداز سے وکالت کی اور کہا کہ خواہ یوروپ ہو یا ایشیا ، مسائل کا حل میدانِ جنگ پر نہیں نکالا جاسکتا۔ جناب مودی نے کہا کہ مذاکرات اور سفارت کاری ہی آگے بڑھنے کا قابلِ عمل راستہ ہے۔ جناب مودی نے دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے، اِسے انسانیت کا دشمن قرار دیا۔ انہوں نے پہلگام میں دہشت گردوں کے حملے کے تناظر میں بھارت کے ساتھ یگانگت کا اظہار کرنے پر کروشیا کے رہنماؤں اور وہاں کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی کا کروشیا کا یہ اولین دورہ تھا اور یہ دو طرفہ ساجھیداری کو وسعت دینے اور بھارت - یوروپی یونین کلیدی ساجھیداری کو مزید مستحکم بنانے میں اہم رول ادا کرے گا۔x

## QS RANKING

QS عالمی یونیورسٹی درجہ بندی میں ریکارڈ تعداد میں 54 بھارتی اداروں کو شامل کیا گیا ہے۔ انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی - دلّی ، ملک کا اوّل درجے کا ادارہ بن کر ابھرا ہے۔ IIT دلّی کی عالمی درجہ بندی میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے اور اب یہ دنیا بھر میں اعلیٰ تعلیم کے اداروں کی تازہ درجہ بندی میں 123 ویں مقام پر آگیا ہے، جبکہ پہلے یہ 150 ویں پوزیشن پر تھا۔ ساتھ ہی یہ کسی بھی ادارے کی اب تک کی اعلیٰ ترین QS عالمی یونیورسٹی درجہ بندی بھی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر تعلیم کے وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا کہ 2014 میں صرف 11 یونیورسٹیاں اِس میں شامل تھیں، جبکہ تازہ درجہ بندی میں پانچ گنا اضافے کے ساتھ اِن کی تعداد 54 ہوگئی ہے اور یہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں تعلیم کے شعبے میں بڑی اصلاحات کا مظہر ہے۔ x

## PLANE CRASH UPDATE

احمد آباد میں ایئر انڈیا کا ہوائی جہاز گرنے کے واقعے میں ہلاک ہونے والے 211 افراد کی شناخت ہوچکی ہے۔ DNA میلان کے ذریعے ایسا ہوا ہے۔ گجرات کے وزیرِ صحت رِشی کیش پٹیل نے بتایا ہے کہ اب تک 189 جسدِ خاکی متعلقہ کنبوں کے حوالے کئے گئے ہیں۔ x

## PM-PUNE ACCIDENT

وزیراعظم نریندر مودی نے مہاراشٹر کے پونے شہر میں Jejuri-Morgaon روڈ پر سڑک حادثے میں لوگوں کی موت ہونے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ جناب مودی نے مرنے والوں کے لواحقین کیلئے وزیراعظم کے قومی امدادی فنڈ سے دو-دو لاکھ روپے کی امداد کا اعلان بھی کیا ہے، جبکہ زخمیوں کو 50-50 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ وزیراعظم نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ کل شام پونے ضلع میں ایک سڑک حادثے میں 8 افراد کی موت ہوگئی تھی، جبکہ 5 شدید طور پر

زخمی ہوئے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب ایک تیز رفتار مسافر کار وہاں کھڑے ہوئے ایک ٹیمپو سے جا ٹکرائی۔×

**BIHAR ED RAIDS**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ NEET MBBS داخلہ امتحان کا پرچہ لیک ہونے کے کیس کے سلسلے میں پٹنہ اور رانچی سمیت کئی مقامات پر چھاپے مارنے کی کارروائی انجام دے رہی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق پیپر لیک کیس کے سرغنہ سنجیو مکھیا اور دیگر افراد کے ٹھکانوں پر تلاشی کی یہ کارروائی کی جارہی ہے۔

پچھلے سال بہار پولیس کے اقتصادی جرائم شعبے نے NEET MBBS امتحان کا پرچہ لیک ہونے کا پتہ لگایا تھا۔ تحقیقات سے معلوم ہوا تھا کہ سنجیو مکھیا ایک بین ریاستی منظم گروہ کے ذریعے کئی مقابلہ جاتی امتحانات کے سوالنامے لیک کرنے میں بھی ملوث رہا ہے۔ اُسے بہار پولیس نے اِس سال اپریل میں گرفتار کیا تھا۔ x

**IMD WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے نے قومی راجدھانی میں کل تک ہلکی بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق بہار، راجستھان ، اترپردیش، اتراکھنڈ ، ساحلی آندھرا پردیش اور انڈمان و نکوبار جزائر میں کہیں کہیں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔ اِس کے علاوہ، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور مغربی بنگال میں بھی آج بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے، بھارتی موسمیات محکمے کے سینئر سائنسداں RK Jenamani نے کہا کہ جھارکھنڈ میں شدید بارش کا سلسلہ کل تک جاری رہنے کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ x

**WEST BENGAL RAIN**

مغربی بنگال کے سبھی ضلعوں میں آج دور دور تک بارش ہونے کا امکان ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق جنوب مغربی بنگلہ دیش اور اِس سے متصل گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بن رہا ہے۔

اِدھر پورے مغربی بنگال میں جنوب مغربی مانسون کی بارش کا سلسلہ شروع ہوچکا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ... VC - Kalyan

*ریاست میں پُرولیا، جھار گرام ، بانکورا ، بیر بھوم ، مغربی میدنی پور، مغربی بَردوان ، مشرقی بَردوان نیز مرشد آباد ضلع میں آج ایک دو مقامات پر تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔ دوسری طرف دارجلنگ، Kalimpong ، علی پور دُوار، کوچ بہار، جلپائی گڑی اور شمالی دیناج پور میں کچھ مقامات پر دور دور*

تک بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اِدھر مالدا ، جنوبی دیناج پور اور کوچ بہار ضلعوں میں ہلکی سے لے کر اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ کولکاتہ اور آس پاس کے ضلعوں میں آج صبح سے لگاتار بارش ہورہی ہے۔ ماہی گیروں سے کہا گیا ہے کہ وہ سمندر میں اونچی اونچی لہریں اٹھنے کے مدّنظر مغربی بنگال اور اڈیشہ کے ساحل کے نزدیک سمندر میں نہ جائیں۔

کولکاتہ سے Kalyan Laha کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں ...

اُدھر سکم میں کئی علاقوں میں بارش ہورہی ہے۔ کچھ مقامات پر بارش کے بعد چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کی اطلاع بھی ملی ہے۔ اِس کی وجہ سے Namchi - Jorethang روڈ پر موٹر گاڑیوں کی آمد و رفت متاثر ہوئی ہے۔ x

## SQUASH-C'SHIP

ملیشیا میں ہونے والی ایشین اسکوایش چمپئن شپ 2025 میں بھارت کے Velavan سینتھل کمار نے کل رات، Kuching میں جاپان کے Tomotaka Endo کو تین-صفر سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ عالمی نمبر 45 سینتھل کمار پچھلے راؤنڈ میں چین کے Li Haizhen کو شکست دینے کے بعد اب ٹورنامنٹ میں باقی رہنے والے واحد بھارتی کھلاڑی ہیں۔ سورج چند، Akanksha Salunkhe اور ثمینہ ریاض پہلے ہی راؤنڈ میں باہر ہوگئے۔ جبکہ Anahat Singh نے سنگلز میں حصہ نہیں لیا، لیکن وہ اگلے ہفتے ہونے والی ایشین ڈبلز اسکوایش میں چمپئن شپ میں حصہ لیں گے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆